.مولی کا ہومیو پیتھک اور ہربل استعمال

مولی کا ہومیو پیتھک اور ہربل استعمال.

مولی یا سفید مولی یا سردیوں کی مولی.

ایشیاء اور افریقہ کے بیشتر علاقوں میں کاشت ہوتا ہے۔ اس کا آبائی وطن ایک اندازہ کے مطابق جاپان ہے اس لیے اسے جاپانی مولی بھی کہا جاتا ہے۔ حیاتین جیم کی اچھی مقدار کے لیے مشہور ہے۔

مولی کے طبی خواص اور علاج...

گردے اور مثانہ میں پتھری یا ریت آنے میںاس کا استعمالاکسیر اعظم ہے اس کامتواتر استعمال ان امراض کا شافی علاجہے خود دیر سے ہضمہوتی ہے مگر دوسریغذاؤں کو فوری ہضم کردیتی ہے

بواسیر کے مریضوں کیلئےمولی اور اس کےپتوں کا رس بے حد مفید ہےجو جلن اور خارش بھی ختم کردیتا ہے۔

خرابیجگر میں بے حد مفید ہے۔

یرقان کے مریضوںکیلئے تو یہ بے حد فائدہ مند سبزی ہے

اسکے ساتھ گُڑ کھانےسے یہ جلد ہضم ہوجاتی ہے۔

جگر اورتلی کے امراض کیلئے بے حد مفید ہے۔

پیشابکا جل کر آنا یا رک رک کر آنا مولیکھانے سے ٹھیک ہوجاتا ہے۔

یرقان والے مولی کا رس چینی میں ملا کر پئیں افاقہ ہوگا۔

مولی خالی معدہکھانے سے نقصان ہوتا ہے۔

مولی کا نمکدانتوں پرلگانے سے پائیوریا اور دانتوںکے امراض دور ہوجاتے ہیں۔ مولی کا

رس تلوں کے تیل میںڈال کر پکائیں جبصرف تیل رہ جائے تواسے بوتل میں ڈال لیں یہ کانوں کےامراض کا شاہی علاج ہے۔

دس تولہ مولی کاپانی نمک ملا کر پینےسے بڑھی ہوئی تلی درست ہوجاتی ہے۔

مولی کا رس بچھو پرڈالیں تو وہ مرجائے گااور جہاں بچھو نے ڈنگمارا ہو وہاں روئی سےمولی کا پانی لگائیںزہر کا اثر زائلہوجائے گا۔ ہاتھوں پرمل لیں تو بچھو ڈنگ نہ مار سکے گا۔

گنج پر روزانہ مولی کا رسرگڑنے سے وہاں بال اُگ آتے ہیں۔

مولی کے بیجوں کارس بکری کے دودھمیں ملا کر لگانے سےخنازیر کی گلٹیاں دور ہوجاتی ہیں۔

متواترکھانے سے مثانہ کی پتھری ختم ہوجاتی ہے۔

مولی کا اچار بھی ایک اچھی چیز ہے۔مولی کے ٹکڑے کاٹ لیں اور مرتبان میں ڈال کر رکھ لیں عمدہ اور لذیذ اچار بنے گا۔ یہ اچار کھانے سے تلی بواسیر رکا ہوا پیشاب کی تکالیف دور ہوجاتی ہیں۔

مولی کا رس نکال کر اسے آگ پر گرم کریں اور گاڑھا ہوجائے تو دھوپ میں رکھ کر اسے سکھالیں۔ یہ جوہر مولی تیار ہوجائے گا۔ اسے کھانے سے سخت سے سخت درد گردہ کو آرام آجاتا ہے اور رکا ہوا پیشاب جاری ہوجاتا ہے۔

Ã مولی کا نمک بنانے کا طریقہ.. Ã

مولی کا نمک بہت سے امراض کا علاج ہے سخت بڑی بڑی مولیاں لے لیں انہیں کاٹ لیں اور باریک کرکے دھوپ میں سکھالیں خشک ہونے پر انہیں جلالیں جب راکھ بن جائے اسے پانی میں ڈال دیں اور دو چار دن پڑی رہنے دیں پانی میں نمک آجائے گا اور راکھ نیچے بیٹھ جائے گی۔ پانی نتھار لیں اسے آگ پر پکا کر خشک کرلیں نیچے جو ہوگا اسے کھرچ کر شیشی میں بھرلیں یہ مولی کا نمک ہوگا۔

Ã مولی کے نمک کے مندرجہ ذیل فوائد ہیں Ã

شہد میں ملا کر ایک ایک تولہ نمک مولی کھانے سے دمہ دور ہوجاتا ہے۔

۔چھاچھ کے ساتھ ایک ماشہ مولی کا نمک روز کھانے سے جگر کے سب ہی امراض دور ہوجاتے
ہیں اور یرقان ختم ہوجاتا ہے۔

مولی کا ایک ماشہ نمک گرم پانی سے کھانے سے نزلہ زکام کو آرام آجاتا ہے۔

نمک مولی چار گنا شہد میں ملالیں اس کی ایک سلائی آنکھ میں لگانے سے آشوب چشم کو آرام آجاتا ہے۔ چٹکی بھر مولی کا نمک نسوار بناکر سونگھ لیں دماغ کے کیڑوں نزلہ اور زکام کیلئے مفید ہے۔

چینی ملا کر مولی کا نمک نصف سے ایک ماشہ تک کھانے سے پرانی کھانسی کو آرام آجاتا ہے۔

نمک مولی ایک ماشہ بدہضمی کیلئے گرم پانی کے ساتھ دینا ضروری ہے۔

پیشاب رک رک کر آجاتا ہو یا جل کر آتا ہو تو اس کیلئے ٹھنڈے پانی سے مولی کا نمک دیں۔

مثانہ کی پتھری دردگردہ اور ریت آنے پر بھی یہ نمک اکسیر کا کام کرتا ہے۔

مولی کے رس میں رسونت کو دو گنا پانی ہو تو حل کریں نرم آگ پر اسے پکائیں اور پھر چنے کے برابر گولیاں بنالیں دو تین گولیاں صبح اور شام کھانے سے بواسیر ختم ہوجائے گی۔

Ã ہومیو پیتھک استعمال Ã
Ã Raphanus
جگر اور تلی میں درد اور چبھن ،پیٹ میں شدید نفخ ،باؤگولا ،سر میں پیپ والی داد جس میں موٹا کھرنڈ آتا چکنی جلد ،آبلے ،ہسٹیریا ،بازوؤں اور کمر میں سردی لگے ،جنسی جوش کے باعث نیند نہ آئے ،عورتوں میں خواہش جماع کو کم کرتی ہے ،آپریشن کے بعد گیس کی وجہ سے درد ،غمگین بچوں سے بالخصوص لڑکیوں سے نفرت کرتا ہے ،حلق میں رطوبت گرے ،گندے ڈکار ،پیٹ

کے بالائی حصے میں جلن جس کے باعث گرم ڈکار آتے ہیں ،ابکائی قے ،بھوک ختم ہو جائے ،پیٹ پھولا ہوا تنا ہوا سخت ،ڈھول جیسا ،ہوا نہ تو ڈکار کے ذریعے خارج ہو نہ مقعد کے ذریعے ،اس میں قبض نہیں ہوتی پاخانہ پتلا جھاگ دار بکثرت بھورا ساتھ درد قولنج وغیرہ وغیرہ

طاقت :

3سے 30 طاقت .

TALB E DUA Ź NAVEED REHMAN
what's up & mobile 03325863430